10538 ـ ولادت میں سہولت کے لیے برتن میں سورۃ الزلزال لکھنا

سوال

کیا ولادت کے وقت سورۃ الزلزال کی قرآت کرنے سے سے آسانی پیدا ہو جاتی ہے، اور کیا ولادت میں آسانی پیدا کرنے کے لیے کوئی دعائیں اور اذکار مشروع ہیں، اور کیا ولادت کے وقت دعا قبول ہوتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ولادت کے وقت برتن میں زعفران سے سورۃ الزلزلۃ " اذا زلزلزت الارض زلزالہا " اور اسی طرح وہ آیات میں جن میں رحم کا ذکر ہے، اور اسی طرح

و ما تخرج من ثمرات من اکمامھا و ما تحمل من انثی و لاتضع الا بعلمہ فصلت (47).

اور فرمان باری تعالی:

اللہ یعلم ما تحمل کل انثی و ماتغیض الارحام و ماتزداد و کل شیئ عندہ بمقدار الرعد (8).

تجربہ کیا گیا ہے کہ یہ آیات زعفران کے ساتھ لکھ کر اور پھر اس برتن میں پانی ڈال کر زعفران کو حل کر کے نفاس والی عورت کو پلایا جائے اور نفاس والی عورت کے پیٹ کو ہاتھ سے ملا جائے، یا یہ آیات پانی میں پڑھ کر وہ پانی نفاس والی عورت کو پلایا جائے اور اس کے پیٹ کو ملا جائے، یا پھر نفاس والی عورت کو پڑھ کر دم کیا جائے تو اللہ کے حکم سے اس کی ولادت میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے.

اور درد زہ کے وقت دعا کرنا قبولیت کے لیے اولی ہے کیونکہ یہ دعا مشکل و تنگی اور لاچاری کے وقت کی جا رہی ہے اور اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

کون ہے جو مضطر اور لاچار کی دعا قبول کرتا اور اس کی تکلیف اور مشکل دورکرتا ہے، اورتمہیں زمین کا خلیفہ بناتا ہے کیا اللہ تعالی کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہے ؟ النمل (62).

اور پھر مشکل و تنگی اور بےکسی کے وقت تو اللہ سبحانہ و تعالی دعا بہت قبول کرتا اور مشکل و تنگی سے نجات دلاتا ہے.